**12-05-2024**
**21.15 Hrs**
**HL**
**آداب**
**یہ آکاشوانی ہے**
**خبروں کے ساتھ میں**

**----------------------------------**

**----------------------------------**

1. لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔
2. اِس کے ساتھ ہی آندھرا پردیش اور اڈیشہ قانون ساز اسمبلیوں کے لیے بھی انتخابات کرائے جائیں گے۔
3. اسرائیلی فوج نے، رفح کو خالی کرنے کے تازہ احکامات جاری کیے ہیں جس کی وجہ سے بین الاقوامی گروپوں کی طرف سے سخت تنقید کی جا رہی ہے۔
4. نیپال کے کوہ پیما کامی ریتا شیرپا نے، ماؤنٹ ایوریسٹ کو 29ویں بار سر کر کے، تاریخ رقم کی ہے۔
5. اور IPL کرکٹ میں، چنئی میں، چنئی سپر کنگز نے راجستھان رائلز کو پانچ وکٹ سے ہرا دیا۔

**----------------------------------**

**----------------------------------**

**اب خبریں تفصیل سے**

## LS - Fourth Phase

کَل لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کی پولنگ کیلئے سبھی تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ اس مرحلے میں 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں 96 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹنگ ہوگی۔ اس مرحلے میں آندھراپردیش کی 25 سیٹوں، تلنگانہ کی 17، اترپردیش کی 13، مہاراشٹر کی 11، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ-آٹھ، بہار کی پانچ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ کی چار-چار اور مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کی ایک سیٹ پر پولنگ ہوگی۔

ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوگی جو شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے 17 پارلیمانی حلقوں کے بعض اسمبلی علاقوں میں پولنگ کے مدت میں اضافہ کردیا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں رائے دہندگان ووٹ دے سکیں۔

اس مرحلے میں آٹھ کروڑ 97 لاکھ مرد اور آٹھ کروڑ 73 لاکھ خواتین رائے دہندگان سمیت 17 کروڑ 70 لاکھ ووٹرس، ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔ لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے کُل ایک ہزار 717 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ اس مرحلے

میں مرکزی وزرا اور BJP کے رہنما گری راج سنگھ، ارجن منڈا، جی کشن ریڈی، اجے کمار مشرا، JDUکے راجیو رنجن سنگھ، سماجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو، کانگریس رہنما ادھیر رنجن چودھری، TMCکی مہوا موئترا اور شترگھن سنہا اور AIMIMکے اسدالدین اویسی جیسے سرکردہ رہنماؤں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔
اس کے علاوہ، آندھراپردیش میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات میں 175 سیٹوں اور اڈیشہ کی 28 اسمبلی سیٹوں کیلئے بھی کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

**Campanging**

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ST برادری کیلئے بجٹ میں سابقہ کانگریس حکومت کے مقابلے کئی گنا اضافہ کیا گیا ہے۔ مغربی بنگال کے ہگلی میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ STبرادری سے تعلق رکھنے والے طلبا کو اسکالرشپ بھی فراہم کی جارہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بنگال، ایشور چندر وِدّیاساگر کی سرزمین ہے لیکن آج ترنمول کانگریس کی حکمرانی میں ریاست میں تعلیمی نظام ٹھپ ہوگیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس ریاست میں اساتذہ کی بھرتی میں گھپلے کی وجہ سے مغربی بنگال کا نام بدنام ہوا ہے۔ جناب مودی باوڑہ میں بھی عوامی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے انھوں نے Barrackpore لوک سبھا حلقے کے Jagatdal اور ہگلی لوک سبھا حلقے کے Chinshuraمیں بھی دو عوامی جلسے کئے۔اترپردیش میں آج مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج وارانسی میں پارٹی کے میڈیا سینٹر کا افتتاح کیا۔ انھوں نے کل وارانسی سے BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی کے روڈ شو سے متعلق تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔ منگل کو وزیر اعظم نریندر مودی کی نامزدگی کیلئے وارانسی میں تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔
بعد میں، امت شاہ نے Kaushambi حلقے میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے رائے بریلی اور گونڈا حلقوں میں بھی چناؤ مہم میں حصہ لیا۔
کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے آج رائے بریلی حلقے میں Harchandpur سے اپنی مہم کا آغاز کیا۔انھوں نے کہا کہ رائے بریلی میں جو بھی ترقی ہوئی ہے وہ کانگریس کی وجہ سے ہوئی ہے۔ انھوں نے آج رائے بریلی میں عوامی جلسوں سے بھی خطاب کیا۔
کانگریس کے سینئر رہنما اور چھتیس گڑھ کے سابق وزیراعلیٰ بھوپیش بگھیل نے بھی رائے بریلی حلقے میں راہل گاندھی کیلئے مہم چلائی۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے بارہ بنکی میں آئی این ڈی آئی اتحاد کے امیدوار Tanuj Puniyaکی حمایت میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کیا۔ بعد میں انھوں نے موہن لال گنج اور لکھنؤ حلقوں میں بھی چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ اترپردیش کے کانگریس الیکشن انچارج Avinash Pande نے بھی فیض آباد اور امبیڈکرنگر ضلعوں میں پارٹی عہدیداروں کی میٹنگیں کیں۔x

## Odisha first Phase election

اُڈیشہ میں کُل لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ کے تحت چار سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں کالا ہانڈی، کُورا پُٹ، نَب رنگ پور اور برہام پور حلقے شامل ہیں۔اِس کے ساتھ ساتھ اُڈیشہ اسمبلی کی 28 سیٹوں کیلئے بھی ووٹنگ ہوگی۔

چار لوک سبھا سیٹوں کیلئے 37 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں، جبکہ 28 اسمبلی حلقوں کیلئے 243 امیدوار انتخاب لڑ رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V/C - SN Patnaik

پہلے مرحلے میں اڈیشہ کے نو ضلعوں کے 28 اسمبلی حلقوں میں کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے لیے 62 لاکھ 87 ہزار ووٹرس ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ پولیس DGP ارون سارنگی نے میڈیا کو بتایا کہ پہلے مرحلے میں انتخابات کے دوران مختلف پولنگ مراکز پر پولیس فورسز کی 17 ہزار پلٹنیں، نیم فوجی دستوں کی ایک ہزار چار کمپنیاں اور ایک ہزار موبائل اسکویڈس کو تعینات کیا جائے گا۔ ماؤنوازوں سے متاثرہ علاقے ملکان گری، Koraput، Nabarangpur، Nuapadaاور Kalahandiضلعوں میں سکیورٹی انتظامات بڑھا دیئے گئے ہیں۔ ساتھ ہی، فرضی ووٹنگ کی روک تھام کے لیے فلائنگ اسکویڈس اور موقعے پر نگرانی کرنے والی ٹیمیں بھی تعینات کی جائیں گی۔

## UP SP List

اترپردیش میں، سماجوادی پارٹی نے عام انتخابات کے چھٹے اور ساتویں مرحلوں کے لیے پارٹی کے امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کر دی ہے۔ پارٹی نے مرزا پور سے رمیش Bind کو میدان میں اتارا ہے۔ سماجوادی پارٹی نے، اِس سے پہلے مرزا پور سیٹ سے راجیندر Bind کو ٹکٹ دیا تھا، لیکن جب Bhadohi سے BJP کے رکن پارلیمنٹ رمیش Bind سماجوادی پارٹی میں شامل ہو گئے تو اکھلیش یادو نے انہیں ٹکٹ دے دیا۔ اب رمیش Bind کا مقابلہ NDA کی حلیف اپنا دل پارٹی کی Anupriya Patel سے ہوگا۔ اِس کے علاوہ، پارٹی نے Sonbhadra ضلعے کی Robertsganj سیٹ سے چھوٹا لال Kharwar کو ٹکٹ دیا ہے۔ یہ دونوں سیٹیں BJP نے اپنا دل کو دے دی ہیں۔×

## J&K Election Parties

جموں و کشمیر میں، سری نگر پارلیمانی حلقے میں قائم کئے گئے پولنگ اسٹیشنوں کے لیے آج چناؤ پارٹیاں روانہ کر دی گئی ہیں۔ اِن چناؤ پارٹیوں کی مجموعی نگرانی اعلیٰ انتخابی افسر Pandurang K Pole کر رہے ہیں۔ اِن پولنگ پارٹیوں کو EVMs کے ساتھ، پانچ ضلعوں سری نگر، شوپیاں، پلوامہ، بڈگام اور گاندربل بھیج دیا گیا ہے جہاں کل لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے

کے لیے پولنگ، ایک ہزار 323 جگہوں پر دو ہزار 135 پولنگ اسٹیشنوں پر کی جائے گی۔
پولنگ پارٹیوں کی سہولتوں کے بارے میں CEO نے کہا کہ ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ خصوصی نوڈل افسروں کے ساتھ ساتھ پولنگ پارٹیوں کے لیے سبھی ضروری انتظامات کو یقینی بنائیں۔
یہ نوڈل افسران، چناؤ عملے کی دیکھ بھال کے لیے سبھی ضلعوں میں تعینات کیے گئے ہیں۔
سری نگر PC میں پولنگ صبح سات بجے سے شام چھ بجے تک ہوگی اور یہ اُس وقت تک جاری رہے گی جب تک کہ ووٹ ڈالنے والا آخری شخص بھی اپنا ووٹ نہ ڈال دے۔
پارلیمانی حلقے میں سبھی پولنگ اسٹیشنوں پر Live ویب کاسٹنگ کے لیے CCTV کیمرے نصب کیے گئے ہیں۔×

## Andhra Pradesh Election

آندھراپردیش میں واحد مرحلے میں 175 اسمبلی سیٹوں اور 25 لوک سبھا سیٹوں پر کُل ووٹنگ ہوگی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..............................
V/C Sai Sistla
ریاست کے سبھی 175 اسمبلی حلقوں اور 25 لوک سبھا حلقوں میں کُل واحد مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ تقریباً چار کروڑ چودہ لاکھ رائے دہندگان اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرکے ریاستی اسمبلی کیلئے چناؤ لڑنے والے دوہزار 386 امیدواروں اور لوک سبھا کی 25 سیٹوں کیلئے 454 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ وشاکھاپٹنم کی لوک سبھا سیٹ کیلئے 33 اور تیروپتی اسمبلی سیٹ کیلئے 46 امیدوار میدان میں ہیں۔ 46 ہزار 389 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں اور پُرامن طریقے سے انتخابات کرانے کیلئے ایک لاکھ چھ ہزار سکیورٹی اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔
سکیورٹی وجوہات کے سبب 169 اسمبلی حلقوں میں صبح سات بجے سے شام 6 بجے تک Araku، Paderu اور Rampachodavaram اسمبلی حلقوں میں صبح 7 بجے سے شام 4 بجے تک جبکہ Palakonda اور Kurupam اسمبلی حلقوں میں صبح 7 بجے سے شام 5 بجے تک ووٹ ڈالے جائیں گے۔

## Haryana Board Results

ہریانہ اسکول ایجوکیشن بورڈ نے آج، ایجوکیشنل اور اوپن، سیکنڈری اسکول کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ امیدوار اپنے امتحان کے نتائج، بورڈ کی سرکاری ویب سائٹ www.bseh.org.in پر دیکھ سکتے ہیں۔
ہریانہ اسکول ایجوکیشن بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر وی پی یادو نے بتایا کہ ایجوکیشنل کے سیکنڈری ریگولر امتحانات میں دو لاکھ 86 ہزار 714 امیدواروں نے شرکت

کی، جن میں سے دو لاکھ 73 ہزار 15 امیدوار کامیاب ہوئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اِس امتحان میں سرکاری اسکولوں کا کامیابی فیصد 93 اعشاریہ ایک نو رہا، جبکہ پرائیویٹ اسکولوں کا فیصد 8 رہا۔ دیہی علاقے کے طلبا کا کامیابی کا فیصد 95 اعشاریہ دو چار رہا، جبکہ شہری علاقوں کے طلبا کا فیصد 95 اعشاریہ ایک آٹھ رہا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پنچکولہ ضلع، کامیابی کے اعتبار سے سرفہرست رہا، جبکہ نوح ضلعے میں یہ فیصد سب سے کم رہا۔ ڈاکٹر یادو نے مزید جانکاری دی کہ اِس کے علاوہ ریاست میں کرائے گئے، سیکنڈری اوپن اسکول کے 2024 کے سالانہ امتحان کے نتائج کا بھی آج اعلان کیا گیا ہے۔×

## Sikkim Nepal Ambassador

بھارت کے لیے نیپال کے سفیر ڈاکٹر شنکر پرساد شرما، بھارت-نیپال فاؤنڈیشن کے 38ویں بورڈ کی میٹنگ میں شرکت کے لیے سکم پہنچ گئے ہیں۔ اُن کے ہمراہ اُن کی اہلیہ محترمہ کلپنا شرما بھی سکّم پہنچی ہیں۔ Rangpo سہولت مرکز پر Rangpo کے SDM جناب Thendup Lepcha اور Rangpo نگر پنچایت کے صدر جناب سنجیو Khati و دیگر سمیت مقامی بڑی شخصیتوں نے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ آج سے 14 مئی تک چلنے والی اِس میٹنگ میں بھارت اور نیپال کے درمیان تعلقات کو مضبوط کرنے پر زور دیا جائے گا۔×

## Israel Gaza

اسرائیلی فوج نے رفح میں انخلاء کے تازہ احکامات جاری کئے ہیں کیونکہ وہ جنوبی غزہ شہر پر اپنے حملے کا دائرہ بڑھانے کی تیاری کر رہی ہے۔ اسرائیل کی اِس کارروائی پر بین الاقوامی گروپوں نے سخت ردِّ عمل کا اظہار کیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے وسطی رفح اور دوسرے علاقوں میں لوگوں کو حکم دیا ہے کہ وہ سنیچر تک علاقہ خالی کردیں۔ اِس سے پہلے اس نے ایک نوٹس جاری کرکے مشرقی رفح میں سویلین سے کہا تھا کہ وہ شہر سے چلے جائیں جہاں دس لاکھ سے زیادہ افراد پناہ لئے ہوئے ہیں۔ فوج نے کہا ہے کہ تقریباً تین لاکھ لوگ اب تک جاچکے ہیں۔ فلسطینیوں کیلئے اقوام متحدہ کی پناہ گزیں ایجنسی کے سربراہ نے اسرائیلی فوج کی اِس تازہ کارروائی پر شدید ردِّ عمل کا اظہار کیا ہے۔

اقوام متحدہ کی امدادی کارروائیوں سے متعلق ایجنسی کے کمشنر جنرلPhilippe Lazzarini نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا ہے کہ جب سے جنگ شروع ہوئی ہے غزہ پٹی میں لوگ تحفظ کی تلاش میں ہیں لیکن انہیں اب تک یہ حاصل نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غزہ میں کوئی محفوظ مقام نہیں ہے۔ غزہ کے صحت حکام نے سنیچر کو اعلان کیا تھا کہ جب سے اسرائیل اور حماس کے درمیان لڑائی شروع ہوئی ہے اب تک 34 ہزار 941 لوگ ہلاک ہوچکے ہیں۔x

## Badrinath Shrine

اتراکھنڈ کے چمولی ضلعے میں واقع مشہور بدری ناتھ مندر کے کپاٹ آج صبح ویدک رسومات کے ساتھ عقیدت مندوں کیلئے کھول دیے گئے۔ اِس موقع پر بڑی تعداد میں عقیدت مند بھی موجود تھے۔
بدری ناتھ مندر کے کپاٹ کھلنے کے ساتھ ہی، اتراکھنڈ کے سبھی چاروں دھام اب عقیدت مندوں کے لیے کھل چکے ہیں۔ اس سے پہلے، کیدارناتھ، یمنوتری اور گنگوتری مندر جمعہ کو کھولے گئے تھے۔

## Mothers Day

آج دنیا بھر میں مدرس ڈے منایا جارہا ہے۔ یہ دِن ہر سال مئی مہینے کے دوسرے اتوار کو منایا جاتا ہے۔
مدرس ڈے بہت اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ یہ ماؤں کے احترام، اُن کی پریشانیوں اور اُن کے کام کے تئیں تشکر کے اظہار کی عکاسی کرتا ہے۔مدرس ڈے پہلی مرتبہ 1908 میں منایا گیا تھا۔x

## Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے دو تین دِن کے دوران ساحلی آندھرا پردیش، یانم، تلنگانہ، اُڈیشہ، تمل ناڈو، پُدوچیری، کرائیکل اور کرناٹک میں کہیں کہیں تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔
مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، جھارکھنڈ، مغربی بنگال، انڈمان نکوبار جزائر اور جنوبی نیز شمال مشرقی خطے سمیت ملک کے بیشتر حصوں میں اگلے دو تین دِن کے دوران تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔
اُدھر جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی اگلے دو دن میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔
بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق آج اترپردیش اور راجستھان میں کہیں کہیں آندھی آنے اور بارش ہونے کا امکان ہے۔
قومی راجدھانی دلّی میں بھی آج گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ دلّی میں درجۂ حرارت 25 ڈگری سے لے کر 38 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہے گا۔ x

## Mountaineering

نیپال کے مشہور کوہ پیما Kami Rita Sherpa نے، آج سب سے زیادہ بار ہمالیہ کی اونچائی تک پہنچنے کا اپنا ہی ریکارڈ توڑ کر تاریخ رقم کی ہے۔ وہ 29ویں بار دنیا کی اِس سب سے اونچی چوٹی ماؤنٹ ایوریسٹ پر پہنچے ہیں۔ نیپال کی وزارت سیاحت اور شہری ہوا بازی کے سیاحتی شعبے کے ڈائریکٹر راکیش Gurung کے مطابق 54 برس کے Kami Rita Sherpa، مقامی وقت کے مطابق صبح سات بجکر 25 منٹ

پر ہمالیہ کی آٹھ ہزار 849 میٹر اونچی چوٹی پر پہنچے۔ اِس مہم کا انتظام Seven Summit Treksکی جانب سے کیا گیا تھا اور اِس میں 20 کوہ پیما نے حصہ لیا۔×

## IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں، آج شام چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپرکنگس نے راجستھان رائلس کو پانچ وکٹ سے ہرا دیا۔ اس طرح IPL پلے آف کیلئے کوالیفائی کرنے کی اس کی امیدیں روشن ہوگئی ہیں۔ جیت کیلئے 142 رن کے ہدف کیلئے کھیلتے ہوئے چنئی نے 145 رن بنائے جبکہ دس گیندیں ابھی باقی تھیں۔ کپتان Ruturaj Gaikwad نے 42 رن بنائے اور وہ آؤٹ نہیں ہوئے۔ اس سے پہلے راجستھان کے کپتان Sanju Samson نے پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور ان کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ پر 141 رن بنائے۔

اُدھر رائل چیلنجرس بینگلورو اور ڈلہی کیپٹلس کے درمیان مقابلہ بینگلورو کے ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں جاری ہے۔ رائل چیلنجرس بینگلورو نے ڈلہی کیپٹلس کی جیت کیلئے 188 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اس سے پہلے رائل چیلنجرس بینگلورو کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 187 رن بنائے۔

## Chess

شطرنج میں بھارت کے R Praggnanandhaa نے عالمی نمبر ایک ناروے کے Magnus Carlsen پر ایک اور جیت حاصل کی ہے اور اب بھی مقابلے میں ہیں۔ اُدھر چین کے Wei Yi نے دو اعشاریہ پانچ پوائنٹس کی بڑی سبقت حاصل کرلی ہے۔ ابھی 9 راؤنڈ کا کھیل باقی ہے۔ Wei Yi نے 7 میچ جیت کر 20 اعشاریہ پانچ پوائنٹس حاصل کئے ہیں۔ Carlsen اٹھارہ پوائنٹس کے ساتھ ابھی دوسرے نمبر پر ہیں۔ R Praggnanandhaa چودہ اعشاریہ پانچ پوائنٹس کے ساتھ مذکورہ اِن دو کھلاڑیوں سے بہت پیچھے ہیں۔x

*******